صبر واستقامت کی اہمیت وفضیلت

☆.....☆.....☆ فضیلۃ الشیخ مولانا محمد اکرم مدنی حفظہ اللہ مدرس جامعہ سلفیہ ☆.....☆.....☆

قولہ تعالیٰ: یاایھا الذین آمنوا استعینوا بالصبر والصلوۃ ان اللہ مع الصابرین...... الی قولہ' واولئک ھم المھتدون (البقرہ:۱۵۳تا۱۵۷)

ترجمہ: اے لوگو! جوایمان لائے ہو،صبر اور نماز سے مدد طلب کرو،اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے جائیں انہیں مردہ نہ کہو۔ایسے لوگ تو حقیقت میں زندہ ہیں' مگر تمہیں ان کی زندگی کا شعور نہیں اور ہم ضرور تمہیں خوف وخطر'فاقہ کشی' جان ومال کے نقصانات اور آمدنیوں کے گھاٹے میں مبتلا کر کے تمہاری آزمائش کریں گے۔ان حالات میں جو صبر کریں اور جب کوئی مصیبت پڑے تو کہیں کہ ہم اللہ ہی کے لیے ہیں اور اللہ ہی کی طرف ہمیں پلٹ کر جانا ہے۔انہیں خوشخبری دے دو۔ان پر ان کے رب کی طرف سے بڑی عنایات ہوں گی۔اس کی رحمت ان پر سایہ کرے گی اور ایسے ہی لوگ راست رو ہیں"۔

مذکورہ آیات کے علاوہ قرآن حکیم متعدد آیات میں صبر کا حکم اور اس کی اہمیت وفضیلت واضح کی گئی ہے۔صبر کی کئی اقسام ہیں۔ایک قسم ہے دنیوی آفات ومصائب اور نقصانات کو قضائے الٰہی سمجھ کر برداشت کر لینا اور ان پر جزع وفزع وماتم کرنا اور نہ زبان سے ایسی بات نکالنا' جس میں اللہ کی ناراضگی کا پہلو ہو۔اس کو تسلیم ورضا بھی کہتے ہیں۔دوسری قسم ہے جہاد کی۔مشقتوں کی اور تکالیف کو خندہ پیشانی سے برداشت کرنا اور دشمن کے مقابلے میں ڈٹے رہنا' راہ فرار اختیار نہ کرنا' یہ شجاعت ومردانگی اور شیوہ مسلمانی ہے۔تیسری قسم ہے اللہ کے احکام پر عمل کرنے میں جو آزمائشیں' جن لذتوں اور دنیوی مفادات کی قربانی دینی پڑے' جو ملامتیں سنی پڑیں' ان میں سے کسی چیز کی پرواہ نہ کی جائے بلکہ سب کو اللہ کی رضا کے لیے برداشت کیا جائے۔اسے استقامت بھی کہتے ہیں۔

انبیاء کرام اور ان کے پیروکاروں کی سیرت وکردار پر اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ صبر

واستقامت ہی ان کی کامیابی وکامرانی کی ضمانت تھی اور آج بھی اگر ہم کامیابی' فوز وفلاح حاصل کرنا چاہتے ہیں تو پھر صبر واستقامت کے سوا کوئی چارہ کار نہیں۔اس لیے اللہ رب العزت نے تمام اولوالعزم رسل کو صبر کا حکم دیا۔جیسا کہ قرآن حکیم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:(فاصبر کما صبر اولوا العزم من الرسل)اور صبر واستقامت پر اللہ نے یہ خوشخبری دی ہے۔(انما یو فی الصابرون اجرهم بغیر حساب) کہ صبر کرنے والوں کو ان کو پورا اجر دیا جائے گا بغیر حساب کے۔

قرآنی آیات کے علاوہ احادیث میں بھی صبر کی اہمیت وفضیلت واضح کی گئی ہے۔حضرت صہیب بن سنان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مومن کا معاملہ بھی عجیب ہے۔اس کے ہر کام میں اس کے لیے بھلائی ہے اور یہ چیز مومن کے سوا کسی کو حاصل نہیں۔اگر اسے خوشحالی نصیب ہو' اس پر اللہ کا شکر کرتا ہے تو یہ شکر کرنا بھی اس کے لیے بہتر ہے۔یعنی اس میں اجر ہے اور اگر اسے تکلیف پہنچے تو صبر کرتا ہے' تو صبر کرنا بھی اس کے لیے بھی بہتر ہے(کیونکہ صبر بھی بجائے خود نیک عمل اور باعث اجر ہے (متفق علیہ)اور ایک دوسری حدیث میں رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے(فکا اعطی احد عطاء خیراً اوسط من الصبر امتفق علیه)یعنی صبر کی توفیق جسے دی جائے تو سمجھ لو کہ اس سے بہتر اور عمدہ نعمت کسی کو نہیں ملتی

علاوہ ازیں ایک اور حدیث میں ارشاد گرامی ہے کہ جب کسی مسلمان کا کوئی چھوٹا بچہ فوت ہو جاتا ہے تو اس کی روح قبض کرنے والے فرشتوں سے اللہ رب العزت فرماتا ہے کہ تم نے میرے بندے کے بچے کی روح قبض کر لی اور اس کے کلیجے کے ٹکڑے کو اس سے چھین لیا۔بتلاؤ اس نے کیا کہا۔ فرشتے جواب دیتے ہیں اے اللہ اس نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا۔تیری تعریف اور حمد میں مصروف رہا۔اس وقت اللہ عزوجل حکم دیتے ہیں ابنو العبدی بیتا فی الجنة وسموه بیت الحمد یعنی میرے بندے کے لیے جنت میں ایک گھر بنادو اور اس کا نام بیت الحمد رکھ دو (ترمذی)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو مصائب وتکالیف اور آزمائشوں میں صبر جمیل اختیار کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

☆☆☆☆☆